| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی اٹھائیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'چھ' | دن: | پہلا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'چھ' کی آواز ، الفاظ چھ کی پہچان سکیں۔کوا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں ۔ جملوں میں 'چھ' کے الفاظ استعمال کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھاری حروف بھ، پھ، تھ، ٹھ، چھ کی آوازوں اور الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>چھتری کی تصویر دکھائیں اور آواز 'چھ' کا تعارف کروائیں۔بچوں کو چھ کی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو چھ کے الفاظ کی نظم سنائیے۔<br>چھم چھم آئی بارش　برسی چھن چھن　آئے چاچا چھکن　لائے چھپر سے چھتری<br>اچھے بچے کھیلے　کھیل چھپن چھپائی　بولے چاچا چھکن　چھومنتر چھومنتر<br>چھینکے چاچا چھکن　سارے بچے چھینکیں　اَچھُو اَچھُو اَچھُو اَچھُو<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>طلبہ کو جوڑوں میں تقسیم کیجیے تختہ سفید / سیاہ چھ کے الفاظ لکھیے ( چھینک، چھان، چھ، چھت، چھتری، چھوڑا، چھوڑو، چھوڑی، چُھری ) ہر لفظ لکھنے کے بعد بچوں کو وقت دیا جائے گا کہ وہ حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں جو جوڑا سب سے پہلے حروف جوڑے گا اس کے فلیش کارڈ تختہ سیاہ/سفید پر لفظ کے ساتھ چسپاں کئے جائیں گے۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 52 پر 'چھ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'چھ' کی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'چھ' کی لکھائی کریں۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br><br>5 منٹ | چھ کی تصاویر اور الفاظ کے فلیش کارڈز<br><br>حروف فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر<br><br><br>کتاب صفحہ نمبر 80 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'چھ' کو مصوتے سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |

| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | کے جی اٹھائیسواں ہفتہ | **موضوع:** | بھاری حرف 'چھ' | **دن:** | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'چھ' کی آواز ، الفاظ چھ کی پہچان سکیں۔ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں ۔ جملوں میں 'چھ' کے الفاظ استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھاری حرف 'چھ' دکھا کر اس کی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>چھا، چھو، چھی، چھے کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر آوازوں کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے ہوا میں چھا، چھی، چھے لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>چُھری، چھکڑا، چھلکا، چھوہارا اور چھتری کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پلے ڈو کر چھا، چھو، چھی، چھے بنانے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 53 کھولنے کو کہا جائے گا۔ چھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ Salt tray دے کر چھا، چھو، چھی، چھے کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا/ میز پر چھا، چھو، چھی، چھے کی لکھائی کروایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر چھا، چھو، چھی، چھے لکھیں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | چھ<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>کتاب صفحہ<br>53 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'چھ' کو مصوتے سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی اٹھائیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف ’چھ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف ’چھ‘ کی آواز ، الفاظ چھ کی پہچان سکیں۔کوا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں ۔ جملوں میں ’چھ‘ کے الفاظ استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>چھری، چھوہارا، چھلکا، چھتری کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | ’چھا‘ الفاظ فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف ’چھ‘ کو مصوتے سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’چھا‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر پڑھائی کروائی جائے گی۔معلمہ ’چھا‘ فلیش کارڈ تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کر کے ’چھا‘ سے الفاظ بنانا بتائے گی۔مثال کے طور پر ’چھاپ‘، ’چھان‘، چھال، چھاچھ وغیرہ۔معلمہ بچوں کو بتائے گی کہ ’چھاچھ‘ لسی کو اور چھال درخت کی اُوپری جلد کو کہتے ہیں۔ | 10 منٹ | حروف فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ’چھا‘ کے الفاظ فلیش کارڈ دیے جائیں گے اور حروف فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ بچے حروف میں سے چھا کے الفاظ کا توڑ تلاش کریں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ 54 کھولنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے جملے معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کرنے کو کہے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 54،55 | |
| | **اختتامیہ:**<br>چھاپ، چھاچھ، چھال، چھان الفاظ پڑھائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 55 کیجیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی اٹھائیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'چھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'چھ' کی آواز ، الفاظ چھ' کی پہچان سکیں۔کوا،و،ی،ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں ۔ جملوں میں 'چھ' کے الفاظ استعمال کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>چھوڑ، چھوٹا، چھوٹی، چھوٹے، کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے چھوٹا، چھوٹی، چھوٹے پر جملے پوچھے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ی' چھ کے ساتھ الفاظ سیکھیں گے۔ پھر ا،و،ی،ے سے ان الفاظ کو ملا کر پڑھنا بتایا جائے گا۔مثال کے طور پر چھین، چھینا، چھینو، چھینی، چھینے بچوں کو یاد دہانی کروائی جائے گی کہ ہم آواز الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جن کے آخر کی آواز ایک جیسی ہوتی ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر'چھ'اور چھ کے الفاظ لکھے جائیں گے (چھ کے الفاظ زیادہ ہوں گے ) بچوں کو باری باری بُلا کر تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔ 'چھ' کے الفاظ کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔<br>کتاب صفحہ 56 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ی' چھ کے ساتھ مصوتوں سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے ہم آواز الفاظ کو آپس میں ملانے اور تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہم آواز الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ<br><br><br>10منٹ<br><br><br>20منٹ<br><br><br>5منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ<br>56 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'چھ' کو مصوتے سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی اٹھائیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'چھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'چھ' کی آواز ، الفاظ چھ' کی پہچان سکیں۔کوا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں ۔ جملوں میں 'چھ' کے الفاظ استعمال کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>چھیل ،چھیلا ،چھیلی ،چھیلے الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>'چھیڑ، چھید' تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر 'ے' چھ کے ساتھ استعمال بتایا جائے گا۔الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔'بھ تا چھ' الفاظ دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>ٹوکری میں بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ کے الفاظ فلیش کارڈ رکھ کر بچوں کو باری باری ایک کارڈ اٹھانے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ان لفظ کی ابتدائی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 57 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ے' چھ کے ساتھ الفاظ پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے الفاظ پڑھائے جائیں گے اور بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ کے الفاظ الگ الگ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 58 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | بھ تا چھ<br>الفاظ<br>فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'چھ' کو مصوتے سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |